رجسٹرڈ سی سی نمبر 12 | قیمت 10 روپے

MEMBER OF APNS | A.B.C Certified

روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 38 | اتوار | 06 جمادی اول 1448ھ | 18 اکتوبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 96

سرحد پار سے دراندازی برداشت نہیں، ملک کے چپے چپے کی حفاظت کیلئے تیار ہیں، جنرل عامر رضا

کیڈٹس کے کندھوں پر ملک کی سلامتی، وقار اور تحفظ کی بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے

خطے میں امن کیلئے پاکستان کا ثالثی کردار دنیا نے دیکھا، افواج نے ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، دیانت داری، بہادری اور جرات قیادت کے بنیادی اصول ہیں، کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ

کیڈٹس عملی زندگی میں پیش آنے والے چیلنجز کا بہادری سے مقابلہ کریں، ملکی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، پاکستان کی سرحدیں مکمل طور پر محفوظ ہیں، پاسنگ آؤٹ پریڈ سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج ملک کے چپے چپے (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

ایبٹ آباد (این این آئی) کمانڈر نیشنل سٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا نے کہا کہ سرحد پار سے ہونے والی دراندازی کو کسی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس، صدر مالدیپ کے آئندہ دورہ پاکستان کی تیاریوں کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی جے پی مورگن کے وفد سے ملاقات

دونوں رہنماؤں کا معاشی صورت حال، کریڈٹ ریٹنگ اور مالیاتی حکمت عملی پر تبادلہ خیال

بینکاک (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاس 2026 (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے ملاقات کیلئے تیسری جگہ مقرر کرنے کی شرط مسترد، محمود اچکزئی کو وزیراعظم ہاؤس آنے کی دعوت

وزیراعظم اور اپوزیشن لیڈر کی ملاقات وزیراعظم ہاؤس میں ہی ہوگی، رانا ثناء اللہ کا دوٹوک مؤقف

پی ٹی آئی سے غیر مشروط مذاکرات کے لیے تیار ہیں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں تعاون ضروری ہے، بیان

اسلام آباد (آن لائن) حکومت نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی وزیراعظم سے ملاقات کے لیے وزیراعظم ہاؤس کے علاوہ کسی تیسرے مقام کے تعین کی شرط مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ملاقات وزیراعظم ہاؤس میں ہی ممکن ہے۔ وزیراعظم کے مشیر (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)



ایبٹ آباد: کمانڈر نیشنل اسٹریٹجک کمانڈ جنرل سید عامر رضا کا پاسنگ آؤٹ پریڈ کے موقع پر کیڈٹس کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایران کے ساتھ جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی، ٹرمپ

ایرانی قیادت میں بات کرنے والا کوئی نہیں بچا، انتخابی ریلی سے خطاب

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ شاید انہوں نے ایرانی رہنماؤں کے معاملے میں کچھ زیادہ ہی سخت رویہ اپنا لیا، کیونکہ اب ان کے پاس بات (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

حکومت نے معاملات کو مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی بھرپور کوشش کی، شہباز شریف

پاکستان تحریک انصاف کی ماضی کی تاریخ بہت بھیانک ہے اور اس مرتبہ بھی انہوں نے خون خرابے کا منصوبہ بنا رکھا تھا

وزیراعظم کی گوجرانوالہ میں راشد بشیر ورک کی رہائش گاہ آمد، محمود بشیر ورک کے انتقال پر اہلخانہ سے تعزیت اور گفتگو

گوجرانوالہ (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا میں مجبوری کے تحت ایمرجنسی نافذ کی گئی، پاکستان تحریک انصاف کی ماضی کی تاریخ بہت بھیانک ہے اور اس مرتبہ بھی انہوں نے خون خرابے کا منصوبہ بنا رکھا تھا۔ مذاکرات کے دوران طے پایا تھا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ کی کال واپس لے گی، تاہم ایسا نہیں ہوا۔ وزیراعظم شہباز شریف گوجرانوالہ میں راشد بشیر ورک کی رہائش (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف 20 ویں ایشیائی کھیلوں میں تمغے جیتنے والے قومی پلیئرز کے اعزاز میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

قومی سلامتی سیاست سے بالاتر، ریاست کو سیاست کی نذر نہ کیا جائے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

ریاست کو درپیش چیلنجز اور دہشتگردی کیخلاف جاری جدوجہد کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے

مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ میرے ذاتی تعلقات عزت و احترام پر مبنی ہیں اور میں ان کی سیاسی بصیرت اور تجربے کا احترام کرتا ہوں، تاہم، خیبرپختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ درست نہیں

یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کی جماعت خود بھی دہشتگردی کے واقعات کا نشانہ بنتے رہے ہیں، دہشتگردی کیخلاف ریاستی کوششوں اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو بھی ملحوظ رکھیں، پیغام

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کے ساتھ ان کے ذاتی تعلقات عزت و احترام پر مبنی ہیں اور وہ ان کی سیاسی بصیرت اور تجربے کا احترام کرتے ہیں۔ تاہم، خیبرپختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا موازنہ کرتے ہوئے، خصوصاً دہشت گردی، قومی سلامتی اور قومی و عسکری قیادت کے حوالے سے اظہار خیال کرتے وقت زمینی حقائق، ریاست کو درپیش چیلنجز اور دہشت گردی کے خلاف جاری جدوجہد کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کی جماعت خود بھی دہشت گردی کے واقعات کا نشانہ بنتے رہے ہیں، اس لیے توقع ہے کہ وہ اس حساس قومی مسئلے پر رائے قائم کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف ریاستی کوششوں اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو بھی ملحوظ رکھیں گے۔ خیبرپختونخوا اور بلوچستان کی حکومتوں کا تقابلی جائزہ لیتے ہوئے دونوں صوبوں میں دہشت گردی کے خلاف اقدامات، سیاسی قیادت کے طرز عمل اور عملی عزم کو سامنے رکھنا چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان سیاسی اختلافات کے باوجود دہشت گردی کے خلاف مشترکہ مؤقف (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ کیس، تمام گرفتار کارکنوں کو بڑا ریلیف مل گیا

انسداد دہشت گردی عدالت نے گرفتار تمام کارکنان کو مقدمات سے ڈسچارج کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی لانگ مارچ کے پیش نظر گرفتار تمام کارکنان کو مقدمات سے ڈسچارج کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی۔ اس موقع پر پی ٹی آئی کارکنان کے وکیل سردار محمد معروف، مرتضیٰ طوری اور زاہد بشیر ڈار ایڈووکیٹ عدالت (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول میں شاندار پاسنگ آؤٹ پریڈ، کیڈٹس کا دفاع وطن کے عزم کا اعادہ

نمایاں کارکردگی پر کیڈٹس میں اعزازات تقسیم، کیڈٹس نے سخت تربیت، نظم و ضبط اور ٹیم ورک کو کامیابی کی بنیاد قرار دے دیا

پی ایم اے میں ان کا سفر دوسری نوجوان خواتین کے لیے بھی حوصلہ افزائی کا باعث بنے گا، جونیئر انڈر آفیسر مریم طارق

ایبٹ آباد (آن لائن) پاکستان ملٹری اکیڈمی (پی ایم اے) کاکول میں شاندار پاسنگ آؤٹ پریڈ کا انعقاد کیا گیا، جہاں تربیت مکمل کرنے والے کیڈٹس نے وطن عزیز کے دفاع، قومی خدمت اور پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ تقریب میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کیڈٹس کو مختلف اعزازات سے نوازا گیا، جبکہ پاکستانی (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، رخشان ڈویژن سے تعلق رکھنے والے 20 پولیس اہلکار اغوا

پولیس ٹریننگ سینٹر قلات میں تربیت حاصل کر رہے تھے اور چھٹی پر اپنے گھر جا رہے تھے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے رخشان ڈویژن سے تعلق رکھنے والے 20 پولیس اہلکاروں کو اغوا کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق مغوی اہلکار پولیس ٹریننگ سینٹر قلات میں تربیت حاصل کر رہے تھے اور چھٹی پر اپنے گھر جا رہے تھے۔ پولیس کے مطابق اہلکار ایک نجی مسافر وین میں قلات اور نوشکی کے درمیان سرِبند کے راستے نوشکی جا رہے تھے کہ انہیں ضلع قلات کی حدود (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں معیشت کی بہتری کیلئے اقدامات سے غیرملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں معیشت کی بہتری کیلئے کیے جانے والے اقدامات سے غیرملکی سرمایہ کاروں کا اعتماد بحال ہونے لگا۔ ایس آئی ایف سی سرمایہ کاروں (بقیہ نمبر 77 صفحہ 3 پر)

پنجاب میں سی ٹی ڈی کے آپریشنز، 8 دہشتگرد گرفتار

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سی ٹی ڈی نے آپریشنز کے دوران 8 دہشت گردوں کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردوں کی شناخت شہزاد، محمود، نعمان، عدنان اور فاروق کے ناموں سے ہوئی (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

پاک افغان سرحد پر طالبان کی بلااشتعال فائرنگ، پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے متعدد طالبان اہلکار ہلاک

تانڈہ سیکٹر، اپر کرم اور غوزگڑھی میں طالبان نے دہشت گردوں کو سرحد پار کرانے کیلئے بلااشتعال فائرنگ کی، سیکیورٹی ذرائع

اپر کرم سیکٹر میں پاک فوج نے آرٹلری فائر کے ذریعے افغان طالبان کی ٹاپسر پوسٹ اور شپولا بیس کیمپ کو نشانہ بنایا، کیمپ مکمل تباہ

راولپنڈی (این این آئی) پاک-افغان سرحد پر افغان طالبان کی جانب سے دہشت گردوں کو سرحد پار کرانے کے لیے بلااشتعال فائرنگ کی گئی جبکہ پاک فوج کی جوابی فائرنگ سے متعدد طالبان اہلکار ہلاک ہوگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک-افغان سرحد تانڈہ سیکٹر، اپر کرم اور غوزگڑھی میں افغان طالبان کی خارجی دہشت گردوں کو سرحد پار کرانے کے لیے بلااشتعال فائرنگ کی جبکہ پاک فوج نے بھرپور جواب دیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پاک فوج کا تانڈہ سیکٹر، اپر کرم اور غوزگڑھی میں افغان طالبان کی بلااشتعال فائرنگ کا بھرپور اور مؤثر جواب دیا گیا، غوزگڑھی سرحد پر جوابی کارروائی میں افغان طالبان رجیم کے متعدد اہلکار ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع نے کہا ہے کہ اپر کرم سیکٹر میں پاک فوج نے آرٹلری فائر کے ذریعے افغان طالبان (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

URAAN PAKISTAN

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا

آپ کے وزیراعظم ہر مشکل میں آپ کے ساتھ



موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت جاری

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر کی بچت جاری

وزیراعظم خصوصی ریلیف اسکیم کا نیا ریکارڈ

1 کروڑ 19 لاکھ سے زائد شہریوں کی جانب سے*

3 کروڑ سے زائد فیول ریلیف ٹوکنز استعمال کیے جاچکے ہیں

1 کروڑ 25 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن مکمل

رجسٹریشن کا طریقہ کار

REG لکھ کر Space دیں

STEP 01: اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر 3740515196983 لکھنے کے بعد Space دیں

STEP 02: بغیر Space نمبر پلیٹ LHR123 ایسے لکھنے کے بعد Space دیں

STEP 03: صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد Space دیں

STEP 04: وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY دن، مہینہ اور سال اس طرح لکھیں: 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار

STEP 01: رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP 02: موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP 03: ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف			
اسلام آباد I	پنجاب P	سندھ S	خیبر پختونخوا KI
گلگت بلتستان G	آزاد جموں و کشمیر A	بلوچستان B	

اپنی رجسٹریشن مکمل کروائیں ہر ہفتے فیول ریلیف سے فائدہ اٹھائیں

عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی بڑھتی قیمتوں کے باوجود

الحمدللہ!

وزیراعظم خصوصی ریلیف اسکیم کامیابی سے جاری

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں

وزارتِ اطلاعات ونشریات حکومتِ پاکستان

/GovtofPakistan | www.moib.gov.pk

*18 اکتوبر تک کے اعداد و شمار کے مطابق

PID(I)3561-D/26

روزنامہ
عوام
ریذیڈنٹ ایڈیٹر
آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد
آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 حب آفس
32266 فیکس 32755

اتوار 18 اکتوبر 2026ء

بلدیاتی نظام کی مضبوطی

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بلدیاتی نظام کو مضبوط بناتے ہوئے عوام کو بہتر میونسپل سروسز کی فراہمی اور صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ پہلے مرحلے میں صوبے کی تمام میونسپل کمیٹیوں کو جدید مشینری اور ضروری آلات سے لیس کیا جارہا ہے۔ دوسرے مرحلے میں یونین کونسل، چھوٹے ٹاؤنسز اور دیہی علاقوں تک اس سہولت کو توسیع دی جائیگی۔ بلوچستان واحد صوبہ ہے جہاں بلدیاتی انتخابات منعقد کئے گئے۔ مقامی حکومتوں کی مدت فروری 2027 میں مکمل ہورہی ہے جس کے بعد بلدیاتی انتخابات منعقد کرائے جاسکیں گے۔صوبائی حکومت آئندہ بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔انتخابات کے التوا کیلئے کوئی بہانہ نہیں کیا جائے گا۔الیکشن کے بعد میونسپل کمیٹیوں کی سطح پر عوام کو بہتر سہولتوں کی فراہمی اور اداروں کی کارکردگی میں مزید بہتری کیلئے اقدامات کئے جائیں گے۔لوکل گورنمنٹ وہ نظام ہے جس کی براہ راست رسائی عام آدمی تک ہے۔عوام کے مسائل میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ بلدیاتی اداروں کے ذریعے عوامی مشکلات کے ازالہ کیلئے اقدامات ناکافی ثابت ہوئے ہیں۔ہم یہ کہنا چاہیں گے کہ بلدیاتی ادارے وسائل کی کمی کے باعث زیادہ بہتر کارکردگی کا مظاہرہ نہیں کر سکے۔ ہم صوبائی حکومت سے توقع رکھتے ہیں کہ بلدیاتی اداروں کو زیادہ فنڈز مہیا کئے جائیں گے تاکہ ادارے عوام کو درپیش مسائل سے چھٹکارا دلانے کیلئے اقدامات کرسکیں۔ بلدیاتی اداروں کے اختیارات کو بھی مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔

کم وزن روٹی

ضلعی انتظامیہ نے کم وزن روٹی فروخت کرنے پر درجن سے زائد تندور مالکان کو گرفتار کرلیا۔ ہم ضلعی انتظامیہ کی کارکردگی کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کرتے ہیں کہ 80 روپے والی کم وزن روٹی تیار اور فروخت کرنے والے نانبائیوں کیخلاف سخت ایکشن لیا جائے۔

''بالادست'' پارلیمان کے بے بس اکابرین

طویل وقفے کے بعد قومی اسمبلی کا اجلاس جب بھی شروع ہوتو اس کے پہلے دن دوسرے شہروں سے مذکورہ اجلاس میں شرکت کی غرض سے آئے اراکین ایک دوسرے کے ساتھ گرم جوش مصافحوں کے بعد گپ شپ میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ گرمیوں کی تعطیلات کے بعد بے فکر طالب علم اچھے دن گزارنے جمع ہورہے ہیں۔ منگل کی صبح ''اچھے دنوں'' کی امید مگر مفقود تھی۔ اراکین کی اکثریت سر جھکائے ایوان میں داخل ہونے کے بعد اپنے مختص نشستوں پر بیٹھی رہی۔ وزیراعظم اور سینئر وزراء کے لئے مختص پہلی قطار میں وزیر دفاع خواجہ آصف تنہا بیٹھے نظر آئے۔ اجلاس شروع ہوتے ہی حکومتی بنچوں کی دوسری صف سے وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ ایک طویل خطاب کے ذریعے یہ سمجھانے میں مصروف ہوگئے کہ خیبر پختونخوا میں ہنگامی حالات اور گورنر راج کے امتزاج کے ساتھ منتخب صوبائی حکومت کو معطل کرتے ہوئے نیا انتظامی بندوبست متعارف کروانا کیوں ضروری ہے۔ ہنگامی حالات جمع گورنر راج کے نفاذ کے لئے جاری ہوئے صدارتی حکم کی تصدیق کے لئے اراکین اسمبلی کو راغب کرتے ہوئے وزیر قانون مختلف وزراء کی جانب سے بارہا سنائی کہانیاں دہراتے رہے۔ ان کے ذریعے یہ تاثر اجاگر کرنا مقصود رہا کہ حکومتی نمائندوں کے ساتھ ہنگامی حالات اور گورنر راج کو ٹالنے کی راہ ڈھونڈنے کی خاطر ہوئے مذاکرات میں شریک تحریک انصاف کے نمائندگان بے اختیار تھے۔حکومت نے ہنگامی حالات کے نفاذ سے گریز کی خاطر ہر ممکن لچک دکھائی۔ خیبر پختونخوا کے جواں سال وزیراعلیٰ مگر تحریک انصاف کے روپوش مگر انتہا پسند مراد سعید کے حکم پر حتمی معاہدے پر رضامند نہ ہوئے۔

اعظم نذیر تارڑ کی سنائی داستان اکتا دینے کی حد تک طویل تھی۔ اس کی طوالت سے بیزاری کا اظہار انتہائی مہذب انداز میں حکومت ہی کی حلیف پیپلز پارٹی کی جانب سے ہوا۔ ٹنڈو محمد خان سے 1990ء کی دہائی سے قومی اسمبلی کے لئے مسلسل منتخب ہونے والے سید نوید قمر اپنی نشست سے اٹھ کر حکومتی بنچوں کی جانب آئے اور ان سے تقریر مختصر کرنے کی درخواست کی۔ نوید قمر کی مداخلت کا مقصد اپنی جماعت کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے خطاب کی گنجائش بھی نکالنا تھا۔

وزیر قانون نے تقریر ختم کی تو قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی انتہائی تلخ الفاظ کے ساتھ پاکستان کے سیاسی مسائل کے بارے میں اپنے خیالات دہراتے رہے۔ 1990ء کی دہائی سے ان خیالات کو قومی اسمبلی میں دہرائے چلے جارہے ہیں۔ شہباز حکومت کو انہوں نے ''مینڈیٹ چوری'' کے بعد مسلط ہوئی حکومت ٹھہرایا۔ اس کے باوجود بقول ان کے ''مسلط کردہ وزیراعظم'' کو ان کی ایوان میں موجودگی کے دوران اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے ''پارلیمان کو مضبوط'' بنانے کی دعوت بھی دیتے رہے۔ کلیدی نکتہ ان کی تقریر کا یہ تھا کہ جیل میں قید عمران خان سے ہدایات لئے بغیر اپوزیشن حکومت سے مذاکرات کے ذریعے سمجھوتے کی راہ نکال نہیں سکتی۔ حکومت اگر ان کی قائد تحریک انصاف سے جیل میں ملاقات کروادے تو وہ انہیں جمہوری نظام کی بقا اور اسے توانا بنانے کی خاطر لچک دکھانے کو آمادہ کرسکتے ہیں۔ یک سطری پیغام اچکزئی صاحب کی طویل تقریر کا یہ تھا کہ ملک کی صورتحال کو معمول کی جانب لوٹانے کی کنجی عمران خان کے پاس ہے۔ انہیں آن بورڈ لئے بغیر حکومت اور اپوزیشن کے مابین سمجھوتا ناممکن ہے۔

ملکی سیاست کا دیرینہ شاہد ہوتے ہوئے اچکزئی صاحب کے یک سطری پیغام سے اختلاف کی گنجائش میرے لئے ڈھونڈنا مشکل ہے۔ اسے تسلیم کرنے کے بعد برجستہ سوال مگر ذہن میں یہ اٹھتا ہے کہ جیل میں قید شخص کی جانب سے تحریک انصاف کے نامزد ہوئے چیئرمین بیرسٹر گوہر اپنے قائد سے ہدایات لئے بغیر حکومت سے پس پردہ اور کھلے مذاکرات کو آمادہ کیوں ہوجاتے ہیں۔ اپنی بے اختیاری کا کھل کر اعتراف کیوں نہیں کرتے۔ یہ سوال میرے ذہن میں گردش کررہا تھا تو بیرسٹر گوہر نے اپنی تقریر کے دوران سپیکر کو مخاطب کرتے ہوئے یہ انکشاف کردیا کہ جیل میں قید شخص کو ایک بار ''توتھ پیسٹ'' فراہم کرنے کی خاطر بھی سپیکر ایاز صادق سے رجوع کرنا پڑا تھا۔ بانی تحریک انصاف کے لئے جیل میں سہولتوں اور آسانیوں میں اپنے کردار کی تصدیق کرتے ہوئے سپیکر نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ ان کی بارہا تصدیق شدہ معلومات کے مطابق بانی تحریک انصاف کو مناسب سہولتیں فراہم ہورہی ہیں۔ غذا کی فراہمی بھی تسلی بخش ہے۔ بیرسٹر گوہر کے حکومتی نمائندوں سے رابطے گویا جیل میں قید بانی تحریک انصاف کے لئے آسانیاں اور سہولتیں یقینی بنانے کی خاطر ہوا کرتے ہیں۔ حکومت کے ساتھ وسیع تر بنیادوں پر کسی سمجھوتے کا حصول ان کے بس سے باہر ہے۔

مذکورہ پہلو پر غور کریں تو حکومت کا یہ موقف درست سنائی دیتا ہے کہ اس کی جانب سے تمام تر لچک دکھانے کے باوجود خیبر پختونخوا کے (اب معطل) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی دو دن اور 18 گھنٹوں تک پھیلے مذاکرات کے فیصلہ کن لمحات میں مبینہ طور پر مراد سعید کے ایما پر سمجھوتے کے لئے تیار ہوئے حتمی معاہدے کو مسترد کرتے رہے۔ پاکستان کی بے اختیار رعایا کا حصہ ہوتے ہوئے بطور صحافی میری خواہش تھی کہ خیبر پختونخوا میں ہنگامی حالات اور گورنر راج کے امتزاج کے ساتھ ایک غیر معمولی انتظامی بندوبست نافذ کرنے والے حکومتی نمائندے اس ''حتمی مسودے'' کو بھی قومی اسمبلی کے ریکارڈ پر رکھ دیتے جس کی بدولت وفاقی اور صوبائی حکومتیں یکسو ہوکر دہشت گردی کے خلاف نبرد آزما ہوسکتی تھیں۔ اس کی تفصیلات سے آگاہی ہمیں خیبر پختونخوا کو ہنگامی حالات کی جانب دھکیلنے کے اصل ذمہ داروں کا تعین کرنے میں آسانی فراہم کرسکتی تھی۔

بے بسی مگر ان دنوں رعایا ہی کا مقدر نہیں۔ بدھ کی صبح سے دوپہر تک پریس گیلری میں اپنی نشست پر مستقل براجمان رہتے ہوئے میں نے نام نہاد ریاست کے تمام اداروں پر ''بالادست'' پارلیمان کے عوام کے براہِ راست ووٹوں سے منتخب ہوئی قومی اسمبلی کے ہر رکن کو اپنے ہی جیسا بے بس و بے اختیار محسوس کیا۔ بے اختیاری و بے بسی کے تناظر میں بلاول بھٹو زرداری نے اپنی تقریر کے آغاز ہی میں اعتراف کیا کہ وہ بوجھل دل کے ساتھ خیبر پختونخوا میں ہنگامی حالات اور گورنر راج کے نفاذ کی حمایت میں ووٹ دیں گے۔

پیپلز پارٹی کے چیئرمین اس حقیقت سے آگاہ سنائی دیے کہ صدر زرداری کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ہنگامی حالات اور گورنر راج کے نفاذ کے فرمان پر دستخط ملکی سیاست پر نگاہ رکھنے والوں کو اس جماعت کی جمہوری نظام سے وابستگی پر سوالات اٹھانے کو اکسارہے ہیں۔ ذوالفقار علی بھٹو کی پھانسی کے بعد پیپلز پارٹی جمہوری نظام کے احیاء کی تحریک کی صف اول میں نمایاں ترین رہی تھی۔ محترمہ بے نظیر بھٹو نے نہایت ثابت قدمی سے اس پہچان کو برقرار رکھا۔ 2008ء سے 2013ء کے برس تک ایوان صدر میں مقیم رہے آصف علی زرداری بھی پارلیمان کی بالادستی، صوبائی خودمختاری، انسانی حقوق اور آزادیٔ صحافت کے محافظ دکھائی دیتے رہے۔

بدھ کے روز پارلیمان کی راہداریوں میں پیپلز پارٹی کے تین اراکین اسمبلی سے مختصر ملاقات ہوئی تو وہ اس حقیقت کے بارے میں بددل محسوس کررہے تھے کہ مسلم لیگ (نون) کے صدر نواز شریف خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ کے چند گھنٹوں بعد لندن پرواز کرگئے۔ وہاں قیام کے دوران صحافیوں کی جانب سے مسلسل پوچھے سوالات کے جواب میں خاموش رہتے ہیں۔ پاکستان کے عوام کی اکثریت کے دلوں میں لیکن وہ تصویر نقش ہوچکی ہے جس میں آصف علی زرداری ہنگامی حالات بمع گورنر راج کے فرمان پر دستخط کررہے تھے۔ مذکورہ تصویر کے ذریعے کلیدی پیغام یہ ملا کہ وزیراعظم شہباز شریف اوران کی جماعت نہیں بلکہ صدر زرداری خیبر پختونخوا پر ہنگامی حالات بمع گورنر راج مسلط کرنے کے یک وتنہا طور پر ذمہ دار ہیں۔ بدھ کے روز قومی اسمبلی میں ہوئے خطاب کے ذریعے بلاول بھٹو زرداری نے مذکورہ تاثر رد کرنے کے لئے منطقی دلائل اور جذباتی توانائی کا بھرپور استعمال کیا۔ انگریزی محاورے والا نقصان (Damage) مگر ہوچکا ہے۔

☆☆☆☆

ملفوظات واؤڈا اور 44 چاند

سینیٹر فیصل واؤڈا کو خوش گفتاری ورثے میں ملی ہے، مطلب پی ٹی آئی سے ورثے میں ملی ہے۔ کچھ عرصہ پہلے انہوں نے پی ٹی آئی تو چھوڑ دی لیکن اس سے ورثے میں ملی خوش گفتاری اور اعلیٰ اخلاقیات نہیں چھوڑی۔ کچھ مہینوں سے وہ خاموش تھے۔ کل اچانک پریس کانفرنس اور پھر ٹی وی پروگراموں میں جلوہ گر ہوئے اور گھنٹوں پھول برسائے۔ ان کی پھول باری کا ھدف جمہوریت، جمہوری نظام اور تمام سیاستدان تھے۔ فرمایا، بمبو کا نظام آئے گا۔ شاید وہ یہ بتانا چاہ رہے تھے کہ زرمبادلہ میں اضافے کیلئے جابجا بمبو کی کاشت کی جائے گی، سارے ملک کو بانسوالا بازار بنادیا جائے گا۔

.....

کے پی میں گورنر راج کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہم کے پی کے عوام کو 180 دن میں ریلیف دیں گے۔ ہمیں سو فیصد کامیابی چاہئے ''ہم'' سے ان کی مراد تو واضح ہے، یا شاید غیر واضح ہے۔ البتہ کے پی کے عوام کو 180 دن میں ریلیف وہ کراچی میں بیٹھ کر ہی دیں گے، یا پشاور جا کر دیں گے۔ یہ سمجھ میں نہیں آیا۔ ان کے مطالبات سے پتہ چلا کہ یہ اخبار ی رپورٹیں درست نہیں ہیں کہ کے پی میں گورنر راج صدر یا وفاقی حکومت نے لگایا۔ انہو ں نے اشارۃً بتا دیا کہ یہ راج انہی نے لگایا، گویا میڈیا اور اخبارات کا ''گورنر راج'' کہنا اور لکھنا غلط ہے، واؤڈا راج کہنا چاہئے۔

.....

کے پی میں واؤڈا راج کو انہوں نے پارٹ ون قرار دیا اور بتایا کہ وہ پارٹ ٹو، پارٹ تھری، پارٹ فور اور پھر پارٹ فائیو کا ارادہ بھی رکھتے ہیں۔ ٹو سے فور تک کا مطلب تو باقی ماندہ صوبے ہوئے، پارٹ فائیو سے مراد تو وفاقی حکومت ہی ہوسکتی ہے۔ یعنی وفاق میں بھی گورنر راج لگے گا۔

وفاق میں یعنی اسلام آباد میں گورنر تو ہوتا نہیں، ہاں کمشنر ہوا کرتا ہے۔ گویا اسلام آباد میں کمشنر راج لگے گا۔ کے پی میں گورنر راج لگا تو وزیر اعلیٰ کو معزول نہیں کیا گیا وہ اپنے عہدے پر قائم ہیں۔ امید ہے کہ اسی طرح جب اسلام آباد میں کمشنر راج لگے گا تو وزیراعظم شہباز شریف کو بھی اپنے عہدے پر برقرار رکھا جائے گا۔

تحریر۔عبداللہ طارق سہیل

.....

پارٹ ٹو کا مطلب سندھ اور پارٹ تھری کا مطلب پنجاب ہے، یہاں تک تو بات سمجھ میں آ گئی پارٹ فور سے مراد بلوچستان ہے۔ یہ بات سمجھ میں آنے والی بالکل نہیں ہے۔ اس لئے کہ وہاں تو پہلے ہی واؤڈا راج ہے۔ کے پی میں دھشت گردی ہے۔ بلوچستان کے واؤڈا راج میں تو ہر طرف پر امن خاموشی ہے، وہاں کے واؤڈا راج کے اوپر ایک اور واؤڈا راج لگانے کی منطق کیا ہوگی؟

.....

سندھ کی باری آئے گی، پھر پنجاب کی، کے پی والا ماجرا تو پارٹ ون ہے۔ واؤڈا صاحب کیا کہنا چاہتے ہیں۔

کے پی میں دھشت گردی عروج پر ہے۔ وہاں کی حکومت دہشت گردوں کی سہولت کار تھی، آپریشنز کی راہ میں رکاوٹ تھی اسی لئے گورنر راج لگانا پڑ رہا ہے۔ یہ بات وفاقی حکومت، دیگر ذرائع اور میڈیا نے بار بار بتائی۔ ایکشن سے پہلے بھی اور ایکشن کے بعد بھی۔ اور یہ بات سچ بھی ہے اور اس کے سچ ہونے میں کسی کو شک بھی نہیں ہے۔

لیکن کچھ لوگ شک وشبہ پیدا کرنے میں لگے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ دھشت گردی کا معاملہ نہیں، گورنر راج لگانے کے پیچھے کوئی اور مقصد ہے۔

واؤڈا صاحب نے پارٹ ٹو تا پارٹ فائیو تک کی بات کرکے ان شک وشبہ پیدا کرنے والوں کی تائید نہیں کردی؟ اور تائید بھی بڑی پکی۔

.....

ممکن ہے، واؤڈا اگلے پروگرام میں ''پلان'' کی مزید وضاحت کردیں۔ مثلاً سندھ میں گورنر راج لگانے کی کیا وجہ گھڑی جائے گی، پھر پنجاب میں گورنر راج لگانے کی وجہ کیا بتائی جائے گی۔

کے پی میں گورنر راج لگانے کا سارا کیس وفاقی حکومت اور اس کے مشیروں، وزیروں نے بنایا۔ سندھ پنجاب کا کیس بنانے یہ لوگ تو نہیں آئیں گے۔

اکیلے واؤڈا صاحب ہی کو، لگتا ہے، یہ ساری ذمہ داری اٹھانا پڑے گی۔

.....

☆☆☆☆

حرم کی پاسبانی کا اعزاز

مسلمان کی ریڈ لائن ہے وہاں جانا وہاں مرجانا ہر ایک کی دِلی تمنا ہے۔ حرم کی پاسبانی کا اعزاز پاکستان اور ترکیہ کو ملنا دونوں ممالک کے ساتھ، دونوں کے عوام کے لئے بھی بڑا اعزاز ہے۔ سعودی عرب کو قائم ہوئے 96 سال ہو گئے ہیں، وہاں آل سعود نے جس انداز میں

تحریر۔میاں اشفاق انجم

کام کیا اسلامی معاشرت کو تقویت دی ہے۔ قرآن وسنت کو دستور بنایا ہے دنیا بھر سے عمرہ اور حج کے لئے آنے والوں کیلئے جدید ترین سہولیات کو یقینی بنایا ہے یقیناً وہ قابل ستائش ہے گزشتہ کچھ ماہ سے ان دو شہروں مکہ مدینہ جن کی حفاظت کا ذمہ اللہ نے خود لے رکھا ہے پر مبینہ حملوں سے عالم اسلام سراپا احتجاج ہے پاکستان کا بچہ بچہ حرمین شریفین پر قربان ہونے کیلئے تیار ہے۔ پاکستانی حکمرانوں اور فیلڈ مارشل کے اقدامات سے اختلاف کا حق ہر کسی کو حاصل ہے مگر جو سفارت کاری اور دور اندیشی پاک سعودیہ سٹرٹیجک معاہدے کی تکمیل ہوئی اور پاک سعودیہ، ترکیہ تین ممالک کے مکہ دفاعی معاہدے کی شکل میں جو اتحاد سامنے آیا وہ اُمت مسلمہ کیلئے بہت بڑی نوید ہے۔ دنیا بھر کے 57 سے زائد ممالک میں بسنے والے اربوں مسلمانوں کی دِلی تمنا تھی کہ عالم اسلام کو ایک ہونا چاہئے۔ حرمین شریفین کو مرکز محور ہونا چاہئے۔ مائیں، بہنیں، بزرگ سالوں سے دُعائیں کرتے آرہے تھے یقیناً یہ دعاؤں کا صلہ ہے مکہ دفاعی معاہدہ کا قیام عمل میں آیا۔

پاک ترکیئے اور سعودیہ کے درمیان ہونے والے معاہدے کے اثرات خطے میں نظر آنا شروع ہوگئے ہیں بہت سے ممالک اس اتحاد کا حصہ بننے کے لئے بیتاب ہیں پاکستان کی سفارتکاری اور ایران کے ساتھ یکجہتی کی وجہ سے ایران جس کو حوثیوں کا پشتی بان کہا جاتا تھا وہ حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان کررہا ہے اس میں بھی کوئی دو آراء نہیں، ایران، امریکہ اسرائیل کے درمیان جاری کشیدگی نے پورے عالم اسلام سے جڑے ہوئے ممالک کو ایک دفعہ بیدار ہونے اور اپنی پالیسیاں دوبارہ بنانے پر مجبور کردیا ہے۔ اسرائیل، بھارت، افغانستان گٹھ جوڑ بھی اب کسی سے ڈھکا چھپا نہیں رہا۔ اسرائیل اور امریکہ کس طرح بھارت اور افغانستان کے ذریعے پاکستان کے داخلی اور خارجی محاذوں پر میدان لگائے ہوئے ہیں پاکستان کی سلامتی کے خلاف ہونے والی سازشوں کو جس طرح ہماری پاک فوج اور اداروں نے بے نقاب کیا وہ قابل ستائش ہے البتہ سعودی عرب کی امریکہ سے حوثیوں کے خلاف مدد کی اپیل میں امریکہ کی طرف سے جواب اور لاتعلق رہنے کے فیصلے نے پورے خطے میں نئے سوالات کو جنم دیا ہے۔ امریکہ جو ہر سطح پر سعودی عرب کے شانہ بشانہ نظر آتا ہے کا حوثیوں کے سعودی شہروں سمیت مکہ مدینہ میں ناکام حملوں پر لاتعلق ہونا عالم اسلام کے لئے بڑا اشارہ ہے۔ اب سوال اٹھتا ہے حوثی کون ہیں، یمن کی سرزمین پر ان کا کیا کردار ہے؟ یقیناً میرے سمیت پاکستان کی بڑی آبادی سنی سنائی باتوں اور سوشل میڈیا پر چلنے والے ٹکر سے زیادہ آگاہ نہیں ہوگی۔ یمن کی سرزمین نبیوں کی زمین ہے۔ یمن، شام، لبنان، ایران، عراق ملحقہ ممالک میں درجنوں نبی آئے اور دعوت دین کی سرفرازی کے لئے ذمہ داری ادا

(باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی: پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان سہ فریقی سیریز کے موقع پر تینوں ٹیموں کے کپتان ٹرافی کی رونمائی کررہے ہیں

پاکستان، انگلینڈ اور سری کے درمیان ون ڈے ٹرائی سیریز کا آغاز (آج) اتوار سے ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان، انگلینڈ اور سری کے درمیان ون ڈے ٹرائی سیریز کا آغاز (آج) اتوار سے ہوگا، افتتاحی میچ میں پاکستان اور سری لنکا کی ٹیمیں راولپنڈی کے کرکٹ سٹیڈیم میں مدمقابل ہوگی۔ شیڈول کے مطابق پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان یہ ون ڈے ٹرائی سیریز 18 سے 31 اکتوبر تک کھیلی جائے گی۔ ٹرائی سیریز کا باقاعدہ آغاز (آج) اتوار 18 اکتوبر کو راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ہونے والے افتتاحی میچ سے ہوگا۔ اس کے بعد 20 اکتوبر کو پاکستان اور انگلینڈ کی ٹیمیں راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہی مدمقابل آئیں گی۔ ٹرائی سیریز کے تمام میچز راولپنڈی اور لاہور کے میدانوں میں کھیلے جائیں گے جبکہ سیریز کا فائنل معرکہ 31 اکتوبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

پاکستان، سری لنکا اور انگلینڈ کے مابین ون ڈے ٹرائی سیریز کا آغاز (آج) سے ہوگا

ون ڈے ٹرائی سیریز میں سات میچز کھیلے جائینگے، تمام میچز دوپہر ایک بجے شروع ہونگے، پہلے تین راولپنڈی اور چار میچز لاہور میں کھیلے جائینگے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان، سری لنکا اور انگلینڈ کے مابین ون ڈے ٹرائی سیریز کا آغاز (آج) اتوار سے ہوگا، سیریز کے تمام میچز دوپہر ایک بجے شروع ہوں گے، ون ڈے ٹرائی سیریز میں سات میچز کھیلے جائیں گے، پہلے تین میچز راولپنڈی جبکہ اگلے چار میچز لاہور میں کھیلے جائیں گے، سیریز کا فائنل 31 اکتوبر کو قذافی سٹیڈیم لاہور میں ٹاپ دو ٹیموں کے درمیان ہوگا، سیریز کے پہلے میچ میں پاکستان سری لنکا جبکہ دوسرے میں پاکستان اور انگلینڈ کا مقابلہ ہوگا، تیسرے میچ میں انگلینڈ اور سری لنکا مدمقابل ہوں گے، ٹرائی سیریز کے میچز پی سی بی لائیو ایپ پر پاکستان، یوکے، افریقہ، کیریبین، یورپ اور نارتھ امریکہ میں سٹریم ہوں گے، پاکستان میچز پی ٹی وی سپورٹس پر براڈ کاسٹ جبکہ تماشہ اور ٹیپ میڈ پر سٹریم ہوں گے، ٹرائی سیریز کے میچز دنیا بھر میں بھی براڈ کاسٹ اور سٹریم ہوں گے، ٹرائی سیریز میں انگلینڈ کے سابق ٹیسٹ کرکٹر مارک بچر، عروج ممتاز خان، عامر سہیل اور روشان ابھے سنگھے کے ساتھ کمنٹری کریں گے۔ پاکستانی ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے کہا کہ بطور کپتان کھلاڑیوں کی بہترین پرفارمنس کروانا ٹارگٹ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائی سیریز میں سکواڈ کا کمبینیشن اچھا ہے، جیتنے کے لیے پرامید ہیں۔ انگلینڈ ٹیم کے کپتان ہیری بروک نے کہا کہ ہم ون ڈے میچز میں تسلسل سے جیتنا چاہتے ہیں۔ سری لنکن ٹیم کے کپتان کوشال مینڈس نے کہا کہ ٹرائی سیریز سری لنکا کے لیے ایک اہم چیلنج ہوگی۔

راولپنڈی: سہ فریقی سیریز کے موقع پر انگلش ٹیم کے کھلاڑی نیٹ پریکٹس کررہے ہیں

مصباح الحق نیپال پریمیئر لیگ کی ٹیم سودر پسچم رائیلز کے ہیڈ کوچ مقرر

نیپال میں کرکٹ کے حوالے سے بہت جوش پایا جاتا ہے، میں اس ماحول کا حصہ بننے کا منتظر ہوں، ردِعمل

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مصباح الحق نیپال پریمیئر لیگ سے منسلک ہوگئے۔ مصباح الحق نیپال پریمی ٔر لیگ کی ٹیم سودر پسچم رائیلز کے ہیڈ کوچ مقرر ہوگئے اس حوالے سے مصباح الحق نے بتایا کہ سودر پسچم رائیلز کا حصہ بننے پر بہت پُر جوش ہوں، نیپال میں کرکٹ کے حوالے سے بہت جوش پایا جاتا ہے، میں اس ماحول کا حصہ بننے کا منتظر ہوں۔ نیپال پریمیئر لیگ 26 اکتوبر سے 21 نومبر تک منعقد ہوگی۔ مصباح الحق پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ رہ چکے ہیں، مصباح الحق حال ہی میں قومی سلیکشن کمیٹی سے الگ ہوئے ہیں۔

ویسٹ انڈین کپتان شائے ہوپ مسلسل ملنے والے ایوارڈز سے پریشان ہوگئے

سچی بات ہے کہ یہ ایوارڈز کچھ بھاری ہیں، ہمیں سامان کے وزن کا خیال رکھنا پڑے گا، میڈیا سے اظہار

نئی دہلی (این این آئی) جاری دورہ بھارت میں شاندار کارکردگی پر اب تک تین مین آف دی میچ ایوارڈ پانے والے ویسٹ انڈین کپتان شائے ہوپ اپنے ایوارڈز سے پریشان ہوگئے اور میڈیا سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا ہے کہ سچی بات یہ ہے کہ یہ ایوارڈز کچھ بھاری ہیں، ہمیں سامان کے وزن کا خیال رکھنا پڑے گا تفصیلات کے مطابق ویسٹ انڈیز جوان دنوں دورہ بھارت پر ہے اور تین ون ڈے میچوں کی سیریز کے بعد اب پانچ ٹی 20 میچوں کی سیریز کھیل رہی ہے۔ کیریبین کپتان شائے ہوپ کی اس پورے دورہ بھارت میں کارکردگی انتہائی شاندار رہی ہے اور وہ اب تک چار سنچریاں (دو ون ڈے میں اور دو ٹی 20 میچز میں) بنا چکے ہیں جبکہ آخری میچ باقی ہے۔ اس شاندار کارکردگی پر شائے ہوپ کو تین بار مین آف دی میچ ایوارڈ سے نوازا جاچکا ہے، کسی بھی کھلاڑی کے لیے میچ کا بہترین کھلاڑی کا ایوارڈ ایک اعزاز ہوتا ہے تاہم مہمان کپتان خود کو ملنے والے ان ایوارڈز سے پریشان دکھائی دیتے ہیں۔ گزشتہ روز راجیو گاندھی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے چوتھے ٹی 20 میچ میں شائے ہوپ نے 50 گیندوں پر 4 چوکوں اور 9 چھکوں کی بدولت 102 رنز کی ناقابل شکست اننگ کھیلی اور میچ جتوا کر اپنی ٹیم کو سیریز میں واپس لائے۔

راولپنڈی: سہ فریقی سیریز کے موقع پر انگلش ٹیم کے کھلاڑی نیٹ پریکٹس کررہے ہیں

شریاس ائیر نے اپنی ٹیم کی اننگ تین گیندیں قبل ختم کرکے سب کو حیران کردیا

باؤنسرز کے خوف سے بیٹرز کو واپس آنے کا اشارہ کیا، پہلی بار ٹی 20 میچ میں کوئی ٹیم مکمل اوور کھیلے بغیر میدان سے باہر گئی ہو

حیدرآباد (این این آئی) بھارتی کپتان نے گزشتہ روز ویسٹ انڈیز کے خلاف چوتھے ٹی 20 میچ میں شریاس ائیر نے اپنی ٹیم کی اننگ تین گیندیں قبل ختم کرکے سب کو حیران کردیا۔ بھارت اور ویسٹ انڈیز کے درمیان پانچ ٹی 20 میچوں پر مشتمل سیریز کے چوتھے میچ میں عجیب وغریب واقعہ پیش آیا جب ہدف کے تعاقب میں بھارتی ٹیم کے کپتان شریاس ایئر نے تین گیندیں قبل ہی ٹیم کی اننگ ختم کرتے ہوئے اپنے بیٹرز کو میدان سے واپس بلا لیا۔ ٹی 20 کرکٹ کی تاریخ کا یہ انوکھا واقعہ سب شائقین کو حیران کر گیا تاہم اس کے پیچھے ایک اہم وجہ تھی۔ حیدرآباد میں کھیلے گئے چوتھے ٹی ٹوئنٹی میچ میں ویسٹ انڈیز نے بھارت کو 24 رنز سے شکست دیکر پانچ میچوں کی سیریز 2-2 سے برابر کردی۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے دیے گئے 248 رنز کے ہدف کے تعاقب میں بھارتی ٹیم کو آخری اوور میں جیت کے لیے 35 رنز درکار تھے اور آخری وکٹ باقی تھی۔ اس موقع پر ارشدیپ سنگھ زخمی ہوگئے تھے اور کندھے میں انجری کے باعث انہیں بیٹنگ کرنے میں مشکل پیش آرہی تھی۔ ایسے میں ویسٹ انڈیز کے پیسر نے انہیں مسلسل باؤنسرز کرائے، جن میں سے ایک باؤنسر ان کے بائیں کندھے پر لگا۔ ڈک ایریا میں جب بھارتی کپتان نے یہ صورتحال دیکھی تو تین گیندیں قبل ہی اپنے بیٹرز کو واپس آنے کا اشارہ کیا اور یوں پہلی بار ٹی 20 میچ میں کوئی ٹیم مکمل اوور کھیلے بغیر میدان سے باہر گئی ہو۔ ویسٹ انڈیز نے یہ میچ 22 رنز سے جیت کر سیریز دو، دو سے برابر کردی۔

راولپنڈی: پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کے درمیان سہ فریقی سیریز کے موقع پر تینوں ٹیموں کے کپتان ٹرافی کی رونمائی کررہے ہیں

پاکستانی ٹیم اتحاد میں ہے بابر اعظم پر کوئی دباؤ نہیں، شاہین آفریدی

ورلڈ کپ فوکس ہے، بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ تینوں شعبوں میں ٹیم کے لیے پرفارم کرنا چاہتا ہوں، قومی ٹیم کے کپتان کی گفتگو

پاکستان نے حالیہ سیریز جیتی ہیں لیکن وائٹ واش نہیں کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کو مکمل مواقع دینے کی منصوبہ بندی کرتے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستانی کپتان شاہین آفریدی نے کہا ہے کہ پاکستانی ٹیم میں اتحاد ہے، بابر اعظم پر کوئی دباؤ نہیں، ٹیم کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، ورلڈ کپ فوکس ہے، ب

1

2

3

4

5

6

7

8

9

10

11

12

13

14

15

16

17

18

19

20

21

22

23

24

25

26

27

28

29

30

31

32

33

34

35

36

37

38

39

40

41

42

43

44

45

46

47

48

49

50

51

52

53

54

55

56

57

58

59

60

61

62

63

64

65

66

67

68

69

70

71

72

73

74

75

76

77

ایس ایس پی نصیر آباد محمد معروف عثمان و دیگر پولیس افسران شہید ہونیوالے ہیڈ کانسٹیبلز احمد خان اور عبدالمالک کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

بلوچستان کے ہر ضلع میں منشیات کی آسان دستیابی تشویشناک ہے، جماعت اسلامی

منشیات فروش انسانیت دشمن مافیا ہیں نوجوان نسل کو تباہی سے بچانے کے لیے قومی مہم چلانا ہوگی

بدامنی وبدعنوانی کیساتھ منشیات فروشی نے بھی اہل بلوچستان کو تباہ کرکے رکھ دیا ہے۔مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ منشیات فروش انسانیت دشمن عناصر ہیں جو گھروں کو اجاڑنے اور خاندانوں کو تباہ کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔بلوچستان کے ہر ضلع میں منشیات کی آسان دستیابی تشویش ناک ہے۔حکومتی غفلت اور متعلقہ اداروں کی عدم توجہی کے باعث منشیات تعلیمی اداروں سمیت معاشرے کے مختلف طبقات تک پہنچ چکی ہے،لیکن اس کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات نظر نہیں آتے۔ اگر پولیو کے خلاف چلائی جانے والی مہم کی طرز پر منشیات کے خلاف بھی بھرپور قومی مہم شروع کی جاتی تو آج منشیات فروش اس قدر آزاد نہ ہوتے اور ہمارے خوبصورت نوجوانوں کی بڑی تعداد اس لعنت میں مبتلا نہ ہوتی۔ان (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3پر)

کوئٹہ، آفاق کوئٹہ کے زیر اہتمام مختلف سکولوں کے طلباء وطالبات کے ذہنی مقابلوں کے موقع پر ٹیسٹ دینے والے طلباء وطالبات کا ریجنل ہیڈ آفاق بلوچستان عبدالنعیم معائنہ کررہے ہیں

صوبے میں ترقی وخوشحالی کے شمسی سازشوں کا نام بنا، عظیم تر ملک بنائیں گے، راحیلہ درانی

مسلم لیگ ن کی سیاست کا محور بلوچستان سمیت ملک بھر کی عوام کی ترقی خوشحالی اور مسائل سے نجات ترقی یافتہ پاکستان ہے،صوبائی وزیر تعلیم

پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد میاں نواز شریف ،وزیر اعظم میاں محمد شہباز شریف کی عوام دوست اقدامات سے بلوچستان ترقی خوشحالی کی جانب تیزی کے ساتھ گامزن ہے

سبی (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی سیاست کا محور بلوچستان سمیت ملک بھر کی عوام کی ترقی خوشحالی اور مسائل سے نجات ترقی یافتہ پاکستان ہے دختر پاکستان ایوارڈ سے مجھ سمیت بلوچستان کی ماں بیٹیوں بہنوں کے حوصلے بلند ہوئے دختر پاکستان ایوارڈ میرے لیے کسی انمول نعمت سے کم نہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن بلوچستان کے سابق سیکرٹری اطلاعات ومرکزی رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ فریدافغان لیبرونگ بلوچستان کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں ایڈووکیٹ فریدافغان وانمیر احمد مسوری بگٹی نے راحیلہ درانی کو دختر پاکستان ایوارڈ ملنے پر دلی مبارکباد پیش (بقیہ نمبر 5صفحہ 3پر)

خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 9. 5 ریکارڈ

کوئٹہ(این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے، جس کی شدت (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3پر)

نصیر آباد میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے 2 پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا

واقعہ کے بعد شہداء کے ورثاء نے نعشیں پٹ فیڈر کینال پل پر رکھ کر احتجاج کیا

کوئٹہ (آن لائن) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے 2 پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا نعشیں ہسپتال منتقل کردی گئیں۔واقعہ کے بعد شہداء کے ورثاء نے نعشیں پٹ فیڈر کینال پل پر رکھ کر احتجاج کیا جس سے سندھ بلوچستان قومی شاہراہ پر ٹریفک جام ہوگئی اور سڑک کے دونوں جانب گاڑیوں لمبی لمبی قطاریں لگ گئیں۔ ٹرانسپورٹروں اور مسافروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا پولیس کے مطابق گزشتہ روز نصیر آباد میں بالان شاخ کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے 2 پولیس اہلکاروں ہیڈ کانسٹیبل احمد اور کانسٹیبل (بقیہ نمبر 6صفحہ 3پر)

بلوچستان کے عوام اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ محبت اور وابستگی رکھتے ہیں،سرفراز بگٹی

حکمت اللہ جیسے نوجوان بلوچستان کا قابل فخر سرمایہ اور دوسروں کے لیے قابل تقلید مثال ہیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نواں کلی میں تربیتی طیارے کے حادثے کے دوران انسانی جانیں بچانے کے لیے آگے بڑھنے والے نوجوان حکمت اللہ نے ملاقات کی۔اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے نوجوان کی بہادری اور جرات کو سراہتے ہوئے حکومت بلوچستان کی جانب سے انہیں تعریفی سرٹیفکیٹ پیش کیا۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے نوجوان حکمت اللہ کے جذبہ انسانیت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ایسے باہمت نوجوانوں پر فخر ہے جو مشکل اور ہنگامی حالات میں اپنی جان کی پروا کیے بغیر دوسروں کی مدد کے لیے آگے (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3پر)

چاغی میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 2 مطلوب دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشتگرد کوئٹہ-تفتان شاہراہ پر مسافروں کو ہراساں کرنے ،علاقے میں خوف وہراس پھیلانے میں ملوث تھے

چاغی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے ضلع چاغی کے علاقے دالبدین میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرکے 2 مطلوب دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ہلاک دہشت گرد کوئٹہ تفتان شاہراہ پر مسافروں کو ہراساں کرنے میں ملوث تھے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گرد کوئٹہ-تفتان شاہراہ پر مسافروں کو ہراساں کرنے اور علاقے میں خوف وہراس پھیلانے میں ملوث تھے۔سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ضلع چاغی کے علاقہ دالبدین میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 مطلوب (بقیہ نمبر 2صفحہ 3پر)

مینا مجید بلوچ کی انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر حیات سے ملاقات

ملاقات میں ضلع تمپ کے نوجوانوں کے لیے پولیس میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر بھی بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر برائے کھیل وامور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ نے انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان محمد طاہر حیات سے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں مکران ڈویژن، بالخصوص ضلع کیچ اور نئے ضلع تمپ میں ٹرانسپورٹرز کے تحفظ اور پولیس میں مقامی نوجوانوں کی بھرتیوں سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات کے دوران مینا مجید بلوچ نے کالعدم تنظیموں کی جانب سے تاجروں اور ٹرانسپورٹرز سے مبینہ بھتہ خوری اور بھتہ نہ دینے پر ان کی گاڑیوں کو نذر آتش کرنے کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسے واقعات سے محنت کشوں کے معاشی (بقیہ نمبر 3صفحہ 3پر)

خضدار کے علاقے میں زلزلے کے باعث پتھر گرنے سے مائن پر کام کرنے والا مزدور جاں بحق

خضدار(این این آئی) خضدار کے علاقے میں زلزلے کے باعث پتھر گرنے سے مائن پر کام کرنے والا مزدور جاں بحق (بقیہ نمبر 37صفحہ 3پر)

کوئٹہ، پاکستان مرکزی مسلم لیگ بلوچستان کے صوبائی صدر عقیل احمد لغاری منتخب ہونیوالے عہدیداروں کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ڈپٹی کمشنر حب کا بوائز وگرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں کا دورہ

اساتذہ کی حاضری چیک کی اور طلبہ سے ملاقات کی تعلیمی مسائل کے متعلق دریافت کیے

حب (آن لائن) ڈپٹی کمشنر حب کا بوائز وگرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں کا دورہ کیا اساتذہ کی حاضری چیک کی اور طلبہ سے ملاقات کی تعلیمی مسائل کے متعلق دریافت کیے۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر حب جمعہ داد خان مندوخیل نے ضلع حب کے بوائز اور گرلز ہائر سیکنڈری اسکولوں کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے تعلیمی سرگرمیوں، تدریسی عمل اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ اور دیگر عملے کی حاضری چیک کی اور اسکولوں میں تدریسی عمل کی صورتحال کا معائنہ کیا۔ انہوں نے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا (بقیہ نمبر 18صفحہ 3پر)

شہید ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کا تاحال گرفتار نہ ہونا نیشنل پارٹی کے لیے باعث تشویش ہے،ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کے رہنما شہید ولید صالح بلوچ کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید ولید صالح بلوچ کے قاتلوں کا تاحال گرفتار نہ ہونا نیشنل پارٹی کے لیے باعث تشویش ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ شہید ولید صالح بلوچ ایک پرامن وجمہوری سیاسی گھرانے سے تعلق رکھتے تھے اور شہید خود بھی شریف النفس، ملنسار اور باشعور نوجوان تھے، ایسے باشعور اور پُرامن نوجوان کا بے (بقیہ نمبر 17صفحہ 3پر)

نصیر آباد میں صوبائی وزیر آبپاشی کے کزن کی اراضی سے دھماکہ خیز مواد برآمد، پولیس نے ناکارہ نادیا

نصیر آباد (آن لائن) نصیر آباد میں پولیس تھانہ خان کوٹ کی حدود میں صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی کے کزن میر لیاقت خان عمرانی کی اراضی سے پولیس نے دھماکہ خیز مواد برآمد کرکے اسے محفوظ طریقے سے ناکارہ بنادیا جس کے نتیجے میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر تخریب کاری کی غرض سے دھماکہ خیز مواد (بقیہ نمبر 15صفحہ 3پر)

پاک ایران سرحد دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات کے لیے عارضی طور پر بند کردیا گیا

چاغی (آن لائن) پاک ایران سرحد دہشت گردی کے خلاف موثر اقدامات کے لیے عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے ضلعی انتظامی کے مطابق پاکستان اور ایران کے درمیان سرحد کو عارضی طور پر بند کردیا گیا ہے۔سرحد کی بندش کا مقصد بارڈر مینجمنٹ کو بہتر بنانا اور دہشت گردی کے خلاف جاری کوششوں کو مزید تقویت دینا (بقیہ نمبر 20صفحہ 3پر)

سیکورٹی فورسز کے عملے نے لسبیلہ پولیس کی چھینی گئی گاڑی اور اسلحہ برآمد کرلیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کے عملے نے لسبیلہ پولیس کی چھینی گئی گاڑی اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز لسبیلہ بائی پاس پر پورالی پل کے قریب سے نامعلوم دہشت گرد پولیس کی گاڑی اور اسلحہ چھین کر فرار ہوگئے سیکورٹی فورسز نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر ملزمان کا تعاقب کیا اور فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزمان گاڑی اور اسلحہ چھوڑ کر فرار ہوگئے پولیس نے مذکورہ گاڑی 2 ایس ایم جی، 2 موٹر سائیکلیں برآمد کرکے قبضے میں لے لیا مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

ایکسین سی اینڈ ڈبلیو محبت مری کا مری کالونی سڑک اور مری آباد گرلز مڈل اسکول کا اچانک دورہ

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں محکمہ تعمیرات ومواصلات (سی اینڈ ڈبلیو) کے ایگزیکٹو انجینئر محبت مری نے مری کالونی میں زیر تعمیر سڑک اور مری آباد گرلز مڈل اسکول کی اسکیم کا اچانک دورہ کیا اور کام کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیداروں (بقیہ نمبر 25صفحہ 3پر)

سرکاری وسائل عوام کی امانت ہیں،سید رحمت اللہ شاہ

محکمہ تعلیم کے تحت کلسٹر بجٹ کی تقسیم اور استعمال کے تمام مراحل میں قواعد وضوابط کی مکمل پابندی کی جائے

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی زیر صدارت ضلع مگسی کے محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز کے ساتھ کلسٹر بجٹ کی تقسیم، مالیاتی ریکارڈ کی جانچ و پڑتال اور تعلیمی اداروں کو فراہم کردہ فنڈز کے استعمال سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جھل مگسی قرت العین مگسی صاحبہ، ودیگر ضلع کے کلسٹر ہیڈز نے شرکت کیں۔اجلاس کا مقصد تعلیمی اداروں کے لیے مختص بجٹ کی تقسیم کے طریقہ کار، مالیاتی معاملات میں شفافیت اور ریکارڈ کی درستگی کا جائزہ لینا تھا۔اجلاس کے دوران محکمہ تعلیم کے کلسٹر ہیڈز سے متعلقہ مالیاتی (بقیہ نمبر 16صفحہ 3پر)

ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کاٹی ایچ کیو ہسپتال اُستا محمد کا دورہ

طبی سہولیات ادویات کی دستیابی عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا

اوستہ محمد (آن لائن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کا ٹی ایچ کیو ہسپتال اُستا محمد کا دورہ کیا طبی سہولیات ادویات کی دستیابی عملے کی حاضری اور صفائی ستھرائی کا تفصیلی جائزہ لیا واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال نے تحصیل ہیڈکوارٹر ٹی ایچ کیو ہسپتال اُستا محمد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، انتظامی امور اور علاج معالجے کے لیے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کا مقصد ہسپتال میں طبی خدمات کی فراہمی، عملے کی حاضری، صفائی (بقیہ نمبر 7صفحہ 3پر)

غیر قانونی اور بغیر پرمٹ اور کاغذات سمیت دیگر دستاویزات کے چلنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی

قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تقریباً 27 گاڑیوں کے چالان کیے گئے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (PTA) بلوچستان عبدالمجید جوتجو کی خصوصی ہدایات پر پی ٹی اے کے عملے نے قومی شاہراہ این اے 25 (کراچی-چمن) پر غیر قانونی اور بغیر پرمٹ اور کاغذات سمیت دیگر دستاویزات کے چلنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کی۔کارروائی کے دوران گاڑیوں کے روٹ پرمٹس، ضروری کاغذات اور فٹنس سرٹیفکیٹس کی جانچ پڑتال کی گئی، جبکہ قانونی تقاضے پورے نہ کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تقریباً 27 گاڑیوں کے چالان کیے (بقیہ نمبر 8صفحہ 3پر)

مشرقی بائی پاس پر نامعلوم مسلح افراد دکاندار سے کروڑوں روپے، موبائل فون لیکر فرار

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر نامعلوم مسلح افراد دکاندار سے کروڑوں روپے، موبائل فون لیکر فرار ہوگئے مشتعل افراد نے احتجاجاً روڈ بلاک کرکے احتجاج کیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز مشرقی بائی پاس پر مسلح افراد پراپرٹی کی دکان میں داخل ہوئے اور وہاں سے ڈھائی کروڑ سے زائد مالیت کی نقدی، موبائل فون لوٹ کر فرار ہوگئے پولیس نے واقعہ (بقیہ نمبر 13صفحہ 3پر)

دالبدین میں تین موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم، 4 افراد شدید زخمی

دالبدین (آن لائن) دالبدین میں تین موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم، 4 افراد شدید زخمی تفصیلات کے مطابق تین موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں چار افراد شدید زخمی ہوگئے۔ زخمیوں کو فوری طور پر مقامی اسپتال منتقل کردیا گیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ابتدائی اطلاعات کے (بقیہ نمبر 14صفحہ 3پر)

قلعہ عبداللہ، دوبندی اور گلستان سمیت مختلف علاقوں میں مرحلہ وار کارروائیوں کا شیڈول مرتب

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے انسداد بھنگ مہم 2026 کے تحت ضلع قلعہ عبداللہ، دوبندی اور گلستان سمیت مختلف علاقوں میں مرحلہ وار کارروائیوں کا شیڈول مرتب کرلیا گیا ہے۔محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن و انسداد منشیات بلوچستان اس مہم میں متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر انسداد منشیات کی کوششوں میں اپنا کردار ادا کررہا ہے۔محکمہ ایکسائز کے افسران نے کہا کہ دوبندی کے مختلف علاقوں میں 15 سے 22 اکتوبر جبکہ گلستان اور قلعہ (بقیہ نمبر 9صفحہ 3پر)

بنگلہ دیش کے 15 رکنی ثقافتی وفد کی پاکستان آمد پاک بنگلہ تعلقات کی وسعت کی عکاس ہے،سینیٹر محمد عبدالقادر

پاک بنگلہ باہمی روابط کی بحالی سے دونوں ممالک کے درمیان قربتیں بڑھیں گی اور خطے میں بھارتی اثر میں کمی ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے 30 سال بعد بنگلہ دیش کے 15 رکنی ثقافتی وفد کی پاکستان آمد پاک بنگلہ تعلقات کی وسعت کی عکاس ہے . دونوں ممالک کے درمیان ثقافتی وفود کے تبادلوں کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے . پاک بنگلہ باہمی روابط کی بحالی سے دونوں ممالک کے درمیان قربتیں بڑھیں گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان اور بنگلہ دیش کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی روابط دونوں ممالک کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کریں گے . دونوں ممالک کے (بقیہ نمبر 10صفحہ 3پر)

ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی ہدایت پر جناح روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

متعدد عارضی تجاوزات ختم تجاوزات میں استعمال ہونے والی بینچیں کرسیاں اور میزیں ضبط کرلی گئیں

اوستہ محمد (آن لائن) ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال کی ہدایت پر جناح روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن متعدد عارضی تجاوزات ختم تجاوزات میں استعمال ہونے والی بینچیں کرسیاں اور میزیں ضبط کرلی گئیں واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر اُستا محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں آج اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی کے ہمراہ شہر کے مرکزی علاقے جناح روڈ پر تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران سڑک اور فٹ پاتھوں پر قائم متعدد عارضی تجاوزات کو ہٹا دیا گیا، جبکہ عوامی گزرگاہوں اور سڑک کے حصوں (بقیہ نمبر 11صفحہ 3پر)

پولیس اور انتظامیہ عوام کے خادم بنیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

فارم 47 کے حکمرانوں کے ذاتی ملازم یا زرخرید غلام نہیں ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس اور سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد نے کہا ہے کہ فارم 47 کے حکمران فرعونیت کا مظاہرہ کرنے کے بجائے ہوش کے ناخن لیں چند روزہ جعلی اقتدار کے نشے میں سفید ریش اور باعزت سیاسی رہنماؤں کو حکومتی اہلکاروں کے ذریعے ڈرانا دھمکانا گرفتار کرنا اور تشدد کا نشانہ بنانا ریاستی طاقت کا بدترین ناجائز استعمال ہے جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اقتدار کسی کو عوام کی تذلیل سیاسی مخالفین کی توہین اور بنیادی حقوق (بقیہ نمبر 12صفحہ 3پر)

ایران سے درآمدات کرنے والے تاجروں کے لیے اہم ہدایت

ایوان صنعت کی نئی خریداری اور بکنگ عارضی طور پر روکنے کی سفارش

کوئٹہ (آن لائن) ایوانِ صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان نے ایران سے درآمدات کرنے والے اپنے تمام ممبران اور تاجر برادری کو اہم تجارتی اطلاع دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ وزارتِ تجارت حکومتِ پاکستان کی جانب سے Waiver EIF میں توسیع سے متعلق حکم نامہ واپس لیے جانے کے بعد ایران سے نئی خریداری اور مال کی بکنگ فی الحال روک دی جائے تاکہ تاجروں کو ممکنہ مالی نقصان اور کسٹمر کلیئرنس کے مسائل سے محفوظ رکھا جا سکے۔ایوانِ صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کی جانب سے جاری کردہ اطلاع کے مطابق وزارتِ تجارت حکومت (بقیہ نمبر 33صفحہ 3پر)

معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں، رضا الرحمٰن

جو اپنی خداداد صلاحیتوں سے ملک وقوم کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرسکتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سینئر صحافی وآل ڈس ایبلڈ سوسائٹی بلوچستان کے سرپرست اعلیٰ رضا الرحمٰن نے کہا ہے کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں جو اپنی خداداد صلاحیتوں سے ملک وقوم کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرسکتے ہیں، ضرورت اس کی ہے کہ انہیں بہتر مواقع فراہم کیے جائیں اور حکومت سرکاری ملازمتوں میں معذور افراد کے کوٹہ پر عملدرآمد یقینی بنائے ، یہ بات انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں سفید چھڑی کے عالمی دن کے موقع پر منعقد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ معذور سفید چھڑی کا دن بھرپور انداز میں (بقیہ نمبر 32صفحہ 3پر)

آرٹیفیشل انٹیلی جنس ہمارے مستقبل کو کیسے بدلے گی؟

جامعہ تربت میں "اے آئی ایجوکیشن اور مستقبل کی انسانی صلاحیتیں" کے موضوع پر انٹرایکٹو سیشن کا انعقاد

تربت (آن لائن) جامعہ تربت کے شعبہ کمپیوٹر سائنس کے زیراہتمام اور بلوچستان ایمرجنگ لیڈرز انیشی ایٹیو (BELI) کے تعاون سے یونیورسٹی کے اسمارٹ کلاس روم میں ''اے آئی ایجوکیشن اور مستقبل کی انسانی صلاحیتیں'' کے عنوان سے ایک معلوماتی انٹرایکٹو سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ بحث کا بنیادی نقطہ یہ تھا کہ اگر آرٹیفیشل انٹیلی جنس (AI) تمام کام انجام دے سکتی ہے تو پھر انسانوں کو کن صلاحیتوں پر توجہ دینے کی ضرورت ہے؟ اس فکری نشست میں مختلف شعبہ جات کے اساتذہ کرام اور طلبہ وطالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے بطور مہمان خاص خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے کہا کہ جامعہ تربت دسمبر 2026 کے (بقیہ نمبر 26صفحہ 3پر)

پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کانفرنس 27 اکتوبر کو ہوگا، وارث افغان

باوقار کانفرنس کوئٹہ میں منعقد ہوگا، جس کی تیاری جاری ہے، طلباء سے شرکت کی اپیل کرتے ہیں، مزمل شاہ ٹمن یار

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کے زونل آرگنائزر وارث افغان، سینئر آرگنائزر مزمل شاہ وطنیار، اطلاعات آرگنائزر عظیم افغان، مالیات آرگنائزر ہارون مومنڈیل، آفس آرگنائزر زبیر ترین، رابطہ آرگنائزر بشیر افغان، ثقافت آرگنائزر رحمت کاکڑ اور دیگر زونل اراکین نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پشتونخوا وطن کے جمہوریت پسند، قوم دوست، وطن دوست، باشعور اور ترقی پسند طلباء کو اطلاع دی جاتی ہے کہ 27 اکتوبر کو پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کی تاریخی اور باوقار (بقیہ نمبر 27صفحہ 3پر)

وفاقی وصوبائی حکومتیں اور محکمہ خوراک آٹے کی مہنگائی کا ذمہ دار ہے، پشتونخوا میپ

آٹے کی 100 کلو تھیلے کی قیمت 15 سے 18 ہزار فروخت ہورہی ہے ، تندور والوں بھی گرام میں کمی کردی ہے

انتظامیہ فوری طور پر عوام کو سبسڈی دینے، قیمتوں میں کمی، آٹے کی دستیابی اور سرکاری نرخوں پر عملدرآمد کے لیے اقدامات اٹھائیں

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے ،غریب عوام کی قوت خرید میں مسلسل کمی پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مسلط صوبائی حکومت، محکمہ خوراک اور متعلقہ انتظامیہ عوام کو سستے آٹے کی فراہمی ، سرکاری نرخوں پر عملدرآمد میں مکمل طور پر ناکامی جس کے باعث غریب عوام اس وقت نہ صرف غذائی قلت بلکہ شدید مشکلات سے دوچار ہیں ۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ 100 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 15 ہزار روپے تک پہنچ چکی ہے اور دور دراز علاقوں میں 100 کلو کی بوری کی تقریباً 18 ہزار میں فروخت ہورہی ہے ۔ یہ صورت حال عام شہریوں، روزانہ کی (بقیہ نمبر 35صفحہ 3پر)

پیپلز پارٹی اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی، حیات اچکزئی

کوئٹہ(این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے نومنتخب صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حیات خان اچکزئی نے سانحہ کارساز کی شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور ان کے مشن کی تکمیل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں حیات خان اچکزئی نے کہا کہ 18 اکتوبر 2007ء پاکستان کی جمہوری تاریخ کا ایک المناک دن ہے جب شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی کے موقع پر جمہوری قافلے کو دہشت گردی کا نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے کہا کہ شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی وطن واپسی عوامی امنگوں، جمہوری عزم اور آمریت کے خلاف جدوجہد کی (بقیہ نمبر 30صفحہ 3پر)

لونی اور گردونواح کے علاقے تعلیمی لحاظ سے اہمیت کے حامل ہیں، احمد خان لونی

سبی (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری وضلعی سیکرٹری سبی احمد خان لونی نے وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری تعلیم لعل جان جعفر اور چیئرمین بورڈ سے مطالبہ کیا ہے کہ مڈل کے امتحانات کے لیے یونین کونسل کڑک کے گورنمنٹ بوائز ہائی سکول کلی لونی میں امتحانی مرکز قائم کرنے کی منظوری دی جائے۔انہوں نے اپنے اخباری بیان میں کہا کہ لونی اور گردونواح کے علاقے تعلیمی لحاظ سے اہمیت کے حامل ہیں، جہاں طلبہ وطالبات کی تعداد بھی بہت زیادہ ہے۔آبادی کے لحاظ سے (بقیہ نمبر 28صفحہ 3پر)

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر ''روزنامہ عوام'' 302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

کوئٹہ، خضدار کے رہائشی منظور احمد چنال اور دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

کوئٹہ، آل ڈس ایبلڈ ویلفیئر سوسائٹی بلوچستان کے زیراہتمام سفید چھڑی کے عالمی دن کے موقع پر تقریب سے مہمان خصوصی سینئر صحافی رضا الرحمٰن، عائشہ اکبر، سمیع اللہ، عاصم سعید خان، محمد فیضان، ثناء اللہ مری اور دیگر خطاب کررہے ہیں

فضل الرحمٰن کبدانی کا ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال دُکی میں قائم ای پی آئی سنٹر کا دورہ

ویکسین کی فراہمی ومحفوظ ذخیرہ کاری اور طبی فضلے کی محفوظ تلفی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی کمشنر دُکی فضل الرحمٰن کبدانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال دُکی میں قائم ای پی آئی سنٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام، بچوں کو ویکسین کی فراہمی طبی فضلے کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کے طریقہ کار اور ماحول دوست ای پی آئی ویسٹ شریڈنگ یونٹ کی فعالیت کے حوالے سے بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر فضل الرحمٰن (بقیہ نمبر 23صفحہ 3پر)

بلوچستان لیبر فیڈریشن اور واسا ایمپلائز یونین کا ایک اہم مشاورتی اجلاس

واسا ایمپلائز یونین کے سیکرٹری جنرل عارف خان نچاری اور جوائنٹ سیکرٹری شاہ ولی درانی کے اشتعفے پر بحث مباحثہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن اور واسا ایمپلائز یونین کا ایک اہم مشاورتی اجلاس زیر صدارت حاجی خان زمان منعقد ہوا جس میں فیڈریشن کے چیرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، سینئر نائب صدر حاجی عبدالعزیز شاہوانی، محمد عمر۔ جنگ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری